## ایم کیوایم کا پیغام پاکستان کے گوشے گوشے میں تیزی سے پھیل رہا ہے
## ملک بھر میں حق پرستی کا سورج پوری آب وتاب سے چمکے گا، ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام،
## وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم، کرپشن اور مفادات کی سیاست کا خاتمہ ہوگا
## رابطہ کمیٹی میری جانب سے پاکستان بھر کے ایک ایک ساتھی کو یوم تاسیس کی مبارکباد اور خراج تحسین پیش کرے
## عزیز آباد کراچی میں رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ٹیلی فون پر گفتگو

لندن۔۔۔20، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کا حق پرستانہ فکروفلسفہ اور پیغام ملک بھر کے عوام کے دلوں میں گھر کررہا ہے اور ہمیں کامل یقین ہے کہ ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد سے پاکستان ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن ہوگا۔ یہ بات انہوں نے آج ایم کیوایم کے مرکز عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے تمام ارکان کو ایم کیوایم کے 26 ویں یوم تاسیس کی مبارکباد پیش کی اور محنت ولگن سے ملک بھر میں یوم تاسیس کے کامیاب اور منظّم انتظامات پر انہیں خراج تحسین بھی پیش کیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم، پاکستان کی بقاء وسلامتی کیلئے جدوجہد کررہی ہے اور چاہتی ہے کہ ملک بھر کے عوام کو فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے تسلط سے نجات ملے اور پاکستان کا شمار دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کی صف میں شامل ہو۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کا پیغام پاکستان کے گوشے گوشے میں تیزی سے پھیل رہا ہے، حق پرستی کا فکروفلسفہ لوگوں کے دلوں میں گھر کررہا ہے اور ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہورہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انشاء اللہ ملک بھر میں حق پرستی کا سورج پوری آب وتاب سے چمکے گا، ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام، وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم، کرپشن اور لوٹ مار کی سیاست کا خاتمہ ہوگا اور ہم اپنی منزل مقصود تک ضرور پہنچیں گے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد کا مقصد پاکستان کی ترقی اور عوام کی فلاح وبہبود ہے اور ہمیں کامل یقین ہے کہ ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد سے پاکستان ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن ہوگا۔ جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے ارکان کو ہدایت کی کہ وہ پاکستان کے چاروں صوبوں، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں ایم کیوایم کے تمام زونوں، سیکٹروں، یونٹوں، تمام شعبہ جات اور ونگز کے ایک ایک ساتھی کو میری جانب سے یوم تاسیس کی مبارکباد اور خراج تحسین پیش کریں۔

## اگر پاکستان بچانا ہے اور ترقی وخوشحالی کے راستے پر گامزن کرنا ہے تو عوام کی اصل قیادت کو سامنے لانا ہوگا، مصطفیٰ کمال
## بارہ دری نارتھ ناظم آباد میں اہلیان ناظم آباد کی جانب سے تقریب پذیرائی اور اعتراف حسن کارکردگی کی تقریب کے شرکاء سے خطاب

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر) 20، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور سابق ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پاکستان کو بچانے اور اسے ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کے لئے عوام کو اصل قیادت سامنے لانا ہوگی اگر پاکستان کو مستحکم اور ترقی یافتہ بنانا ہے تو صرف قائد تحریک جناب الطاف حسین کا وژن، فکر اور فلسفہ ہی ایسا کرسکتا ہے۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کی شب بارہ دری نارتھ ناظم آباد میں اہلیان نارتھ ناظم آباد کی جانب سے اپنے اعزاز میں دی گئی تقریب پذیرائی واعتراف حسن کارکردگی سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ تقریب سے حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی اور وزراء محترمہ عمرانہ سعید، فرحت خان، شیخ صلاح الدین، عبدالمعید صدیقی، امام الدین شہزاد، ڈاکٹر محمد علی شاہ اور سابق ٹاؤن ناظم نارتھ ناظم آباد ممتاز حمید نے بھی خطاب کیا جبکہ دیگر حق پرست ارکان سندھ اسمبلی اظہار الحسن، رضا حیدر اور انور عالم کے علاوہ عمائدین واہلیان نارتھ ناظم آباد بھی اپنے اہل خانہ کے ساتھ بڑی تعداد میں موجود تھے۔ سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں ایسا کبھی نہیں ہوا کہ کسی سیاسی جماعت نے اپنے اقتدار کی مدت پوری کی ہو اور اسے عوام کی جانب سے بھرپور پذیرائی بھی ملی ہو ایسا صرف ایم کیوایم کے ساتھ ہی ہوا ہے ورنہ تو حکومت کرنے کے بعد لوگ جیل جاتے ہیں یا پھر ملک سے فرار ہوجاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پر بلا جواز الزامات عائد کرنے والے جان لیں کہ ایم کیوایم ہی وہ جماعت ہے جس نے اپنے 14 ٹاؤن ناظمین میں سے 6 ٹاؤن ناظمین کو اور اس سے قبل 3 منتخب ارکان قومی اسمبلی کو الطاف حسین کے معیار پر پورا نہ اترنے پر گھر بھیج دیا تھا۔ انہوں نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کی شاندار اور بے مثال سیاسی اور سماجی کارکردگی اور کارناموں کے بعد اب

ملک کےعوام اپنے جدی پشتی لیڈروں کے گریباں پکڑ رہے ہیں اوران سے پوچھ رہیں ہیں کہ اگر ایم کیوایم کےلوگ شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کر سکتے ہیں تو تم لوگ ایسا کیوں نہیں کر سکتے وڈیرے اور جاگیر دار اپنے علاقوں میں اسکول تک نہیں کھولنے دیتے مگر اپنے بچوں کو بیرون ملک پڑھنے بھیج دیتے ہیں تا کہ وہ واپس آکر عوام پر حکومت کر سکیں۔انہوں نے کہا کہ الطاف حسین وہ واحد سیاسی رہنما ہیں جنہوں نے اپنے کسی رشتہ دار کوانتخابی ٹکٹ نہیں دیا اور جب تک غریب اور متوسط طبقے کی نمائندگی نہیں ہوگی ملک میں استحکام نہیں آئے گا یہاں تو ہر جماعت کا لیڈر وزیر اعظم اور صدر بننے کا امیدوار ہوتا ہے الطاف حسین کے علاوہ کوئی اور لیڈر ایسا نہیں جو یہ اعلان کرے کہ وہ نہ تو تاحیات کوئی الیکشن لڑے گا اور نہ ہی کسی عہدے کا امیدوار ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم اورترقی لازم ملزوم بن گئی ہے، جولوگ کل تک ایم کیوایم کی برائیاں کررہے تھے آج وہ ہی اس کی تعریف کررہے ہیں، ہم بھتہ خور ہوتے تو کراچی والے ہم کوانتخاب میں بار بار کامیاب نہیں کرتے اور نہ ہی ہم کراچی کے جزائر بابا بھٹ، شمس پیر، صلاح آباد اور لیاری میں پانی پہنچاتے۔اس سے قبل ممتاز حمید نے مصطفیٰ کمال کو قرآن شریف کا نسخہ پیش کیا جبکہ مصطفیٰ کمال نے نارتھ ناظم آباد کے سابق ٹاؤن ناظم، نائب ٹاؤن ناظم، یوسی ناظمین اور نائب یوسی ناظمین کو یادگاری شیلڈ دیں۔بوہری برادری کے رہنما زوہب طاہر نے بھی مصطفیٰ کمال کو چادر اور گل دستہ کا تحفہ پیش کیا۔

## گلشن اقبال شانتی نگر کی جھگیوں میں آتشزدگی کے واقعہ کی تحققات کرائی جائے، رابطہ کمیٹی
## بچہ کے جاں بحق اور متعدد افراد کے زخمی ہونے پر اظہار افسوس، متاثرین کی ہر ممکن معاونت کی جائے

کراچی۔۔۔20، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گلشن اقبال بلاک 10 شانتی نگر کی جھگیوں میں آتشزدگی کے واقعہ پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ آتشزدگی کے واقعہ کی تحقیقات کرائی جائے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ شانتی نگر میں آتشزدگی کے سبب نہ صرف سینکڑوں جھگیاں جل کا خاکستر ہوگئی ہیں بلکہ اس واقعہ میں ایک بچہ جاں بحق اور متعدد افراد زخمی ہوگئے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے آتشزدگی سے متاثر ہونے والے تمام افراد سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ متاثرین کی ہر ممکن معاونت کی جائے۔ رابطہ کمیٹی نے آتشزدگی کے واقعہ میں جاں بحق ہونے والے بچہ کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## موسم گرما میں بجلی کی لوڈشیڈنگ عوام کیلئے وبال جان بن چکی ہے، حق پرست ارکان قومی اسمبلی
## بجلی کی لوڈشیڈنگ کے خاتمے کیلئے موثر اقدامات کئے جائیں

کراچی۔۔۔20، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کراچی میں بجلی کی طویل دورانئے کی لوڈشیڈنگ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ موسم گرما میں لوڈشیڈنگ عوام کیلئے وبال جان بن چکی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ لوڈشیڈنگ کے باعث اسپتالوں میں ایمرجنسی آپریشن ملتوی کئے جارہے ہیں، میٹرک کے طلباء کو امتحانات کی تیاریوں میں مشکلات کا سامنا ہے اور غرض کہ ہر طبقہ فکر کی زندگی اجیرن بن چکی ہے۔انہوں نے کہا کہ بجلی کی لوڈشیڈنگ کے باعث صنعتی وکاروباری سرگرمیاں تباہی کے دھانے پر پہنچ چکی ہیں اور عوام کے روزمرہ کے معمولات زندگی بھی بری طرح سے متاثر ہورہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ عوام پہلے ہی مہنگائی اور بیروزگاری کے باعث پریشان ہیں اور موسم گرما میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا سلسلہ عوام کو اشتعال انگیزی کی جانب مائل کرسکتا ہے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ بجلی کی لوڈشیڈنگ کے خاتمے کیلئے مئوثر اقدامات کئے جائیں اور عوام کو موسم گرما میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کے عذاب سے فی الفور نجات دلائی جائے۔

## پیر جو گوٹھ میں پولیس کی جانب سے گھروں میں گھس کر توڑ پھوڑ، خواتین اور بچوں پر تشدد کا سختی سے نوٹس لیا جائے، حق پرست اراکین سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔20، مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے پیر جو گوٹھ میں پولیس کی جانب سے گھروں میں گھس کر توڑ پھوڑ اور خواتین سمیت بچوں کو وحشیانہ تشدد کا نشانہ بنانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ محکمہ پولیس کی اس مذموم کارروائی کے خلاف ملاح برادری کے احتجاج کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث افسران اور اہلکاروں کے خلاف سخت اور قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پیر جو گوٹھ میں محکمہ پولیس کی جانب سے گھروں میں گھس کر توڑ پھوڑ، خواتین، بچوں پر تشدد اور بچوں کو الٹا لٹکانے کی کارروائی سے ثابت ہوتا ہے کہ پولیس افسران اور اہلکاروں کی طرف سے مذکورہ کارروائی سراسر انتقامی نوعیت کی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس کے محکمہ سے عوام اپنے تحفظ کی امید رکھتے ہیں لیکن بعض دیہاتوں اور حتیٰ کہ شہری علاقوں میں بھی پولیس کی جانب سے ایسی کاروائیاں کرنا جن سے انتقام کی بو آتی ہو محکمہ پولیس کی اپنے بنیادی فرائض سے غفلت کا ثبوت ہے۔ ارکان سندھ اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ پیر جو گوٹھ میں پولیس کی جانب سے گھروں میں گھس کر توڑ پھوڑ، خواتین اور بچوں پر تشدد کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث افسران اور اہلکاروں کے خلاف قانون کے مطابق سخت سے سخت ترین تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

## کرسچن محلّہ کے کریانہ اسٹور میں ڈکیتی اور ڈاکوؤں کی فائرنگ سے مسیحی نوجوانوں کی ہلاکت کا سختی سے نوٹس لیا جائے، ایم کیو ایم اقلیتی امور کمیٹی

کراچی۔۔۔20، مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی اقلیتی امور کمیٹی نے پیر آباد کے علاقے کرسچن محلّہ کے کریانہ اسٹور میں ڈکیتی کی واردات اور ڈاکوؤں کی فائرنگ سے دو مسیحی نوجوانوں کی ہلاکت کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے مطالبہ کیا کہ کرسچن محلّہ میں ڈکیتی کی واردات کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور مسیحی نوجوانوں کے قتل میں ملوث ڈاکوؤں کو فی الفور گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے۔ ایم کیو ایم اقلیتی امور کمیٹی نے ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ہلاک ہونے والے مسیحی نوجوانوں کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین بھی کی۔

## اے آر وائی نیوز چینل کے رپورٹر شاہنواز شاہ کے والد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔20، مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اے آر او نیوز چینل کے رپورٹر شاہنواز شاہ کے والد شاہ ممتاز شاہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیو ایم ٹنڈو الہ یار کے کارکن کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔20، مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم ٹنڈو الہ یار یونٹ مٹیو کالونی کے کارکن راؤ انتظار علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی ۔۔۔20،مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 165 کے شہید کارکن مصطفیٰ خان کے والد دلاور خان ،ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 2 یوسف گوٹھ کے کارکن محمد سلیم خان کی اہلیہ محترمہ نسیم ،ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 49 کے کارکن سید کرار عسکری کی والدہ محترمہ فضہ بیگم ،ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 146 کے کارکن وامق عتیق صدیقی کی والدہ محترمہ شہناز عتیق ،ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 118-A کے کارکن محمد ایوب کے والد عین الہدیٰ اورایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 162 کے کارکن محمد انیس کی والدہ محترمہ سروری بیگم ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 188 کے کارکن پرویز کے والد محمد فاروق ،ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 160 کے عبدالقیوم کی والدہ بلقیس بیگمکے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔(آمین)

☆☆☆☆☆